صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعۃ المبارک مورخہ 14 جنوری 2011ء بمطابق 9 صفر 1432 ہجری صبح گیارہ بجے منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

یٰٓاَیُّہَا النَّبِیُّ قُلۡ لِّاَزۡوَاجِکَ وَبَنٰتِکَ وَنِسَآءِ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ یُدۡنِیۡنَ عَلَیۡہِنَّ مِنۡ جَلَابِیۡبِہِنَّ ؕ ذٰلِکَ اَدۡنٰۤی اَنۡ یُّعۡرَفۡنَ فَلَا یُؤۡذَیۡنَ ؕ وَکَانَ اللّٰہُ غَفُوۡرًا رَّحِیۡمًا O لَئِنۡ لَّمۡ یَنۡتَہِ الۡمُنٰفِقُوۡنَ وَالَّذِیۡنَ فِیۡ قُلُوۡبِہِمۡ مَّرَضٌ وَّالۡمُرۡجِفُوۡنَ فِی الۡمَدِیۡنَۃِ لَنُغۡرِیَنَّکَ بِہِمۡ ثُمَّ لَا یُجَاوِرُوۡنَکَ فِیۡہَاۤ اِلَّا قَلِیۡلًا ۚۖ O مَّلۡعُوۡنِیۡنَ ۚۛ اَیۡنَمَا ثُقِفُوۡۤا اُخِذُوۡا وَقُتِّلُوۡا تَقۡتِیۡلًا۔

(ترجمہ): اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم، اپنی بیویوں اور بیٹیوں اور اہل ایمان کی عورتوں سے کہہ دو کہ اپنے اوپاے پیغمبر اپنی بیویوں اور بیٹیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے کہہ دو کہ (باہر نکلا کریں تو) اپنے (مونہوں) پر چادر لٹکا (کر گھونگھٹ نکال) لیا کریں۔ یہ امر ان کیلئے موجب شناخت (وامتیاز) ہوگا تو کوئی ان کو ایذا نہ دے گا۔ اور خدا بخشنے والا مہربان ہے۔ اگر منافق اور وہ لوگ جن کے دلوں میں مرض ہے اور جو مدینے (کے شہر میں) بری بری خبریں اُڑایا کرتے ہیں (اپنے کردار) سے باز نہ آئیں گے تو ہم تم کو ان کے پیچھے لگا دیں گے پھر وہاں تمہارے پڑوس میں نہ رہ سکیں گے مگر تھوڑے دن۔ (وہ بھی) پھٹکارے ہوئے۔ جہاں پائے گئے پکڑے گئے اور جان سے مار ڈالے گئے۔ وآخرُ الدعوانا اَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

Mr. Speaker: 'Question`s Hour': Adnan Wazir Sahib, not present.

جناب عبدالاکبر خان: سر!اس میں میرا ایک سپلیمنٹری ہے۔

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر بتائیں۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، کوئسچن نمبر761میں۔

جناب سپیکر: بتائیں، سپلیمنٹری آپ بتائیں؟

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: پہلے عبدالاکبر خان، پھر آپ جی۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، دیکھیں یہ اے ٹی اور تھیالوجی ٹیچرز تو بہت اہم ہوتے ہیں تو کیا وزیر صاحب ارشاد فرمائیں گے کہ حکومت ان کو دوبارہ بحال کرنے کیلئے تیار ہے اور باقی یہ کہ یہ کس جگہ پر بھی ہیں اور کس جگہ پر نہیں ہیں؟

جناب سپیکر: جی قلندر خان لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر، اس سوال کے جز نمبر (د) کو دیکھیں تو یہ پی ای ٹی ضلع شانگلہ میں اپریل2004 سے ہے جی اور ڈی آئی خان میں مارچ2006 سے ہے، ایک میں تقریباً چھ سال اور نو مہینے سے ہے اور دوسرے میں چار سال تین مہینے سے ہے اور آگے اس کا جواب ہے، آخر میں دیکھیں جی، (ہ) جز کا جواب دیکھیں جی کہ "لہذا محکمہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن میں باقیماندہ22اضلاع میں بھی پی ای ٹی ٹیچرز کی آسامیوں کی بحالی کا کیس Under process ہے اور جونہی قانونی تقاضے پورے ہونگے تو جلد ہی ان آسامیوں کی بحالی کا مراسلہ جاری کیا جائے گا"۔ سر، یہ چھ سال میں پورے نہیں ہوئے تو یہ قانونی تقاضے کب تک پورے ہونگے؟ دو اضلاع میں دے دیئے تو یہ پی ای ٹی۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی، مفتی کفایت اللہ صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: پی ای ٹی کی آسامی بہت ہی ضروری ہے، سکول میں نظم وضبط رکھنے کیلئے یہ بہت ہی ضروری ہے، باقی استاد تو پڑھاتے ہیں، یہی ایک ہوتا ہے جو اسمبلی میں کام کرتا ہے، یہ بڑا ضروری ہے، یہ کب تک ہو گا؟

جناب سپیکر: Physical fitness آتی ہے۔ جی مفتی کفایت صاحب، مفتی کفایت اللہ صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: شکریہ جناب سپیکر، میں آپ کی وساطت سے محترم وزیر موصوف سے پوچھنا چاہوں گا کہ اے ٹی اور ٹی ٹی کے بارے میں آپ کی نیت کیا ہے اور کیا یہ مستقبل میں بحال رہیں گے؟

Mr. Speaker: Ji, honorable Minister for Education, Sardar Babak Sahib.

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): ډیره مهربانی سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، دا کوم سوالونه چه راپورته شوی دی، مونږ خو جواب ښه په وضاحت سره ورکړے دے، یعنی د کومه پورے چه د دے ضمنی سوالونو تعلق دے نو سپیکر صاحب، زمونږه مډل سکولونو کښے د بدقسمتئ نه دا پی ای ټی ټیچرز چه دی، څنګه چه ذکر شوے دے چه دوه ضلعو کښے د پی ای ټی ټیچرز بحال وو او باقی بائیس اضلاع کښے د پی ای ټی ټیچرز نه وو نو د هغے د پاره مونږه داسے اوکړل چه باقی دوویشت ضلعو کښے چه په کوم ځائے کښے د پی ای ټی پوسټونه نه وو، هغه مونږه مډل ته هم ورکړل او انشاء الله زر تر زره به هغه کیس مونږه فنانس ته لیږو او ما د فنانس سیکرټری صاحب سره بذات خود هم خبره کړے ده، د فنانس ډیپارټمنټ سره نو انشاء الله د هغے منظوری به ورکړی۔ د کومه پورے چه دا مفتی صاحب خبره کوی، د اے ټی او د ټی ټی، بالکل جی عربک ټیچر شو یا زمونږ نور کوم داسے ټیچران شو چه د هغے ضرورت مسلمه دے او مونږه هیڅ داسے اراده نه لرو چه خدائے مه کړه هغے کښے یو کیټیګری ختموؤ، بهرحال یو وضاحت زه ضروری ګڼړم چه زمونږ وزیراعلیٰ صاحب په دے هاؤس کښے په اولنی اجلاس کښے کوم اعلان کړے وو چه مونږ په معیار باندے هیڅ قسم Compromise نه کوؤ نو مونږ دا اراده ضرور لرو چه د هغوی کوالیفیکیش لږ Proper کیږدو، لږ برابر کیږدو ځکه چه بد قسمتی دا ده چه اکثر زمونږه کیټیګریز چه دی، د هغے کوالیفیکیشن ډیر لاندے دے، هغه ډیر Low دے نو دغه اراده مونږ ضرور لرو چه دا کوالیفیکیشن هائی کړو او دا مونږه

برابر کړو جي۔ عبدالاکبر خان صاحب چه کومه خبره کړے ده، دا تاسو اوګورئ جي چه زمونږ سره عربک ټیچرز وي، زمونږ سره ټي ټي ټیچرز وي او مونږ سره قاري ټیچرز وي خو بد قسمتي دا ده چه په تیرو وختونو کښے ضرورت ته نه دي کتلي شوي، ضرورت ته نه دي کتلي شوي نو زه دا وئیلے شمه چه Individual، افراد چه دي هغه Oblige شوي دي او مفاد عامه چه څه ته وائي یا ضرورت عامه چه څه ته وائي، هغه مدنظر نه ده ساتلے شوے نو لهذا په دے باندے مونږه یو نظر لرو او مونږه ګورو چه په سکولونو کښے د کوم سبجیکټ ټیچرز ضرورت دے او بیا د کوالیفیکیشن ذکر چه ما اوکړو نو دا ده چه په هغے باندے انشاء الله مونږه کار کوؤ، زر تر زره به دغه انشاء الله که خیروي مونږه پراسس کړو او دغه به مونږه یقیني کړو که خیر وي۔

Mr. Speaker: Nargis Samin Bibi, not present.

جناب نصیر محمد میدادخیل: دیکښے جي زه یو سوال کوم۔

جناب سپیکر: سوال نمبر، سوال نمبر؟

Mr. Naseer Muhammad Maidadkhel: 765.

جناب سپیکر: سپلیمنټري سوال ستاسو څه دے جي؟

جناب نصیر محمد میدادخیل: سر، د دے سوال په (ب) جز کښے دوئ ښودلي دي چه " آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ پروگرام کیلئے ایک کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں؟ نو جواب کښے دي چه "جی ہاں، درست ہے۔ ضلع بونیر میں -/62,50000روپے اور ضلع لکی مروت میں مذکورہ پروگرام کیلئے -/93,56000روپے ریلیز ہو چکے ہیں"۔ جناب سپیکر، زما سوال دا دے چه دا کوم پروګرام دے "Lady Teachers Mobility Program" د دے بنیادي مطلب څه وو او دا کومے پیسے چه د دے د پاره، دوئ په وروستو جواب کښے وائي چه" -/93,56000روپے خرچ ہوئے ہیں" دا خرچ کړے شوے دي نو د دے څه تفصیل ئے نه دے ورکړے چه دا په څه باندے خرچ شوے، تفصیل د زمونږ دے هاؤس ته ورکړے شي جي؟

Mr. Speaker: Ji Sardar Babak Sahib, honourable Minister.

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: سپیکر صاحب، د دے Lady Teachers Mobility Program مقصد دا وو، اکثر دا وی چه زمونږ په دے پسمانده علاقو کښے ټیچرز چه دی، بیا خاصکر زمونږ کوم زنانه ټیچرز دی، هغوی ته په سکول کښے ډیره زیاته فاصله وی نو د Mobility د پاره هغوی ته زمونږ د ډیپارټمنټ ای ډی او ز ګاډی Arrange کړی وو چه لرے ځایونو کښے کوم سکولونه دی نو هلته دا لیډیز ټیچرز چه دی یا زنانه ټیچرز چه دی، دا پکښے هلته اوړی نو چونکه په سوال کښے خو دا تپوس شوے وو چه په دے دوه ضلعو کښے څومره اماؤنټ ریلیز شوے دے نو هغه اماؤنټ مونږ ورکړے دے۔ د دے Mobility مقصد دا دے چه په لرو پرتو علاقو کښے چه زمونږه کوم لیډیز ټیچرز دی او په تللو کښے ورته مشکلات وی، ګرانه وی ورته نو دا سکیم د هغے د پاره په دے دوه ضلعو کښے شروع شوے دے جی۔

جناب سپیکر: زرقاباں بی۔۔۔۔۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: زما د سوال مطلب دا وو چه یره دا کوم Lady Teachers Mobility۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دا ئے درته اووئیل کنه، په Mobility هم شوی دی کنه۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: دا زه عرض کومه کنه جی، که دا سوال پینډنګ اوساتلے شی او د دے دا تفصیل رااوغواړی او دے هاؤس ته تفصیل راکړی۔

جناب سپیکر: نه دا تاسو فریش کوئسچن راوړئ کنه؟

جناب نصیر محمد میداد خیل: اچھا فریش کوئسچن لے آؤنگا، ٹھیک شوه جی۔

جناب سپیکر: زرقاباں بی، محترمہ زرقاباں بی۔

* 772 _ محترمہ زرقاباں بی: کیا وزیر ایلیمنٹری اینڈ ایجوکیشن از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ تعلیم نے ضلع نوشہرہ میں درجہ چہارم ملازمین کی بھرتی کیلئے اخبار میں اشتہار دیا تھا؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ تمام بھرتی شدہ درجہ چہارم ملازمین کا باقاعدہ ٹیسٹ وانٹرویو ہوا اور بھرتیاں میرٹ پر ہوئیں؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ درجہ چہارم کی پوسٹیں کم ظاہر کر کے زیادہ تعداد میں بھرتیاں کی گئی ہیں؛

(د) آیا یہ بھی درست ہے کہ فوت شدہ ملازمین کے بچوں کو اور ریٹائرڈ ملازمین کے بچوں کو 25 فیصد کوٹہ دیا گیا ہے؛

(ھ) اگر (الف) تا (د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو تمام بھرتی شدہ درجہ چہارم ملازمین کی میرٹ لسٹ اور تعداد بمعہ فوت شدہ ملازمین اور ریٹائرڈ ملازمین کے بھرتی شدہ بچوں کی مکمل لسٹ فراہم کی جائے؟

<u>جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم)</u>: (الف) جی نہیں۔

(ب) جی نہیں، تقرریاں مقامی باشندگان اور دفتر روزگار کے رجسٹر شدہ مقامی بے روزگار نوجوانان کی پالیسی کے مطابق بھرتیاں عمل میں لائی گئی ہیں۔

(ج) جی نہیں، بجٹ بک کی منظور شدہ پوسٹوں کے مطابق خالی پوسٹوں پر بھرتیاں کی گئی ہیں۔

(د) جی ہاں، درست ہے۔

(ھ) مطلوبہ تفصیل فراہم کی گئی۔

<u>محترمہ زرقا بی بی</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ Thank you, Mr. Speaker۔ جناب سپیکر، میں نے۔۔۔۔

<u>Mr. Speaker</u>: Ji any supplementary?

<u>محترمہ زرقا بی بی</u>: جی سر۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی بی بی۔

<u>محترمہ زرقا بی بی</u>: جی ما د کوئسچن په دے پهلا جز کښے تپوس کړے وو چه "آیا یہ درست ہے کہ محکمہ تعلیم نے ضلع نوشہرہ میں درجہ چہارم ملازمین کی بھرتی کیلئے اخبار میں اشتہار دیا تھا" تو انہوں نے مجھے جواب دیا ہے کہ "جی نہیں" تو میں وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ کیا یہ ضروری نہیں ہے کہ سکیل ایک سے لیکر سولہ تمام قسم کی پوسٹوں کیلئے اخبار میں اشتہار دیا جائے؟ لاسٹ میں میں نے پوچھا تھا کہ مجھے درجہ چہارم کی میرٹ لسٹ، تعداد بمعہ فوت شدہ ملازمین اور ریٹائرڈ ملازمین کی بھرتی شدہ بچوں کی مکمل تفصیل اور لسٹ فراہم کی جائے؟ لیکن جناب سپیکر، انہوں نے مجھے فوت شدہ اور ریٹائر شدہ ملازمین کی تاریخ وفات اور تاریخ ریٹائرمنٹ نہیں بتائی، صرف ویسے ہی سرسری، سادہ بنا دیا ہے۔

جناب سپیکر: جی آنریبل منسٹر صاحب۔

وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم: سپیکر صاحب، دا سے ده جی چه دا خو ستاسو په علم کښے ده چه په کوم ځائے کښے زمونږ د ایمپلائمنټ ایکسچینج آفسز وی نو هلته بیا د کلاس فور د پاره د ایډورټائزمنټ ضرورت نه وی، د ایمپلائمنټ ایکسچینج سر ټیفیکیټ چه ورسره وی نو په هغے باندے د کلاس فور اپوائنټمنټ کیږی او تر کومه پورے چه د Deceased sons تعلق دے یا داRetired sons دی نو دا مونږ پوره تفصیل ورکړے دے، بهرحال که زمونږه Honourable colleague ته، ممبر ته په دے باندے څه اعتراض وی چه په یو ځائے کښے د Merit violation شوے دے یا اهل خلق نه دی بهرتی شوی نو هغوی د د دے نشاندهی اوکړی، انشاء الله مونږ به پوره پوره د دوئ تسلی هم اوکړو بلکه د هغے به مونږه ازاله هم اوکړو جی۔

جناب سپیکر: جی محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ، سوال نمبر جی؟

محترمہ مہر سلطانہ: سر، کوئسچن نمبر ہے 773۔

جناب سپیکر: جی۔

* 773 _محترمہ مہر سلطانہ: کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ محکمہ تعلیم ضلع کرک میں ڈی ڈی او کی خالی آسامی پر تعیناتی کی گئی ہے؛

(ب) آیایہ درست ہے کہ محکمہ کے قواعد وضوابط کے مطابق سرکاری آفیسران کے گریڈ کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے تعیناتی کی جاتی ہے؛

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ پوسٹ پر موزون اور اہل امیدوار کی بجائے جونیئر آفیسر کو تعینات کیا گیا ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) جونیئر آفیسر کی تعیناتی کب عمل میں لائی گئی، اس کی سینیارٹی اور اہلیت کیا ہے؛

(ii) موزون امیدوار کی موجودگی میں جونیئر آفیسر کو کس بنیاد پر مذکورہ پوسٹ پر تعینات کیا گیا ہے، اس طرح سینیئر آفیسر کی حق تلفی نہیں ہوئی؛

(iii) آیا حکومت قانون کی پاسداری کرتے ہوئے جونیئر کی جگہ سینیئر افسر کی تعیناتی کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) اس ضمن میں وضاحت کی جاتی ہے کہ تحصیل کرک (مردانہ) اور تحصیل تخت نصرتی (زنانہ) میں ڈی ڈی او کی آسامیاں خالی ہیں جبکہ باقی تمام آسامیوں پر تعیناتیاں ہو گئی ہیں۔

(ب) جی ہاں، درست ہے۔

(ج) اس ضمن میں وضاحت کی جاتی ہے کہ ڈی ڈی او مردانہ تخت نصرتی پر مسمی منور جان ایس ای ٹی، جی ایچ ایس شہیدان کرک کی تعیناتی کی گئی تھی مگر بعد میں اسے منسوخ کرکے شیر آدم خان ہیڈ ماسٹر کو تعینات کیا گیا۔

(د) (i) جونیئر آفیسر کی تعیناتی کی مدت بہت کم تھی اور بعد میں اس کی تعیناتی منسوخ کی گئی، اس کی اہلیت ایس ای ٹی (بی ایس۔17) تھی۔

(ii) جونیئر آفیسر کی تعیناتی منسوخ ہو چکی ہے اور اس کی جگہ ایک سینیئر آفیسر کی تعیناتی عمل میں لائی گئی ہے۔

(iii) جی ہاں، اس پر عمل ہو چکا ہے۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

محترمہ مہر سلطانہ: نہیں سر، Satisfied ہوں، Satisfied ہوں۔

Mr. Speaker: Thank you. Zamin Khan, Muhammad Zamin Khan, not present. Sajida Tabassum Bibi, Sajida Tabassum Bibi.

محترمہ ساجدہ تبسم: تھینک یو، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر؟

محترمہ ساجدہ تبسم ایڈوکیٹ: سوال نمبر 775 جی۔

جناب سپیکر: جی۔

* 775 _ محترمہ ساجدہ تبسم: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ تعلیم میں تبادلے، بھرتیاں وضع کردہ طریقہ کار / پالیسی کے تحت کی جاتی ہیں؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ ضلع مانسہرہ میں 09-2008 سے محکمہ تعلیم پر چند افراد کا قبضہ ہے اور وہ تمام تقرریاں / تبادلے اپنے طریقہ سے کرتے ہیں؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع مانسہرہ میں تمام اساتذہ اپنی مدت سے تجاوز کرنے کے باوجود ان کے ٹرانسفر/پوسٹنگ پر اپنی اجارہ داری بنائی ہوئی ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) گزشتہ سال کے دوران ضلع مانسہرہ میں جتنی تقرریاں ہوئی ہیں، کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) مذکورہ تقرریوں اور تبادلوں کیلئے ضلع مانسہرہ میں کوئی باقاعدہ اہلیت، معیار کیلئے قانونی Criteria / Merit پالیسی اپنائی گئی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؛

(iii) مذکورہ تقرریوں اور تبادلوں میں درجہ چہارم کی خالی آسامیوں پر بھرتی کی بجائے تبادلہ کیا گیا اور نئے بھرتی شدہ افراد کو دوسری جگہ تعینات کیا گیا ہے، آیا حکومت ان بے قاعدگیوں کی تحقیقات کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) جی نہیں۔

(ج) جی نہیں۔

(د) (i) گزشتہ سال کے دوران ضلع مانسہرہ میں ہونے والی تقرریوں کی تفصیل درج ذیل ہے:

نمبر شمار	کیڈر	مردانہ	زنانہ	میزان
01	سی ٹی	45	10	55
02	پی ای ٹی	16	33	49
03	پی ایس ٹی	259	96	355
04	ڈی ایم	50	12	62
05	کلاس فور	228	08	236

(ii) مذکورہ تقرریاں اور تبادلے صوبائی پالیسی کے تحت کئے گئے ہیں۔ پالیسی فراہم کی گئی۔

(iii) اس ضمن میں وضاحت کی جاتی ہے کہ مذکورہ تقرریوں میں درجہ چہارم کی کسی خالی آسامی پر بھرتی کے بجائے تبادلہ نہیں کیا گیا ہے۔ چونکہ اس قسم کی بھرتی میں کوئی بے قاعدگی / بے ضابطگی نہیں ہوئی ہے، لہذا کسی قسم کی تحقیقات کا مطالبہ غیر متعلقہ بن جاتا ہے۔

محترمہ ساجدہ تبسم: سپیکر صاحب، سب سے پہلے تو میرا گلہ یہ ہے کہ میں نے جو سوال Submit کروایا تھا، اس کا جواب تقریباً ڈیڑھ سال کے بعد آیا ہے تو اس کی جو Senses تھیں، اس کی جو Spirit تھی تو وہ ختم ہو چکی ہے لیکن کیا یہ میرا Prerogative، Right violate نہیں ہوا کہ ڈیڑھ سال بعد مجھے اس کا جواب دیا جا رہا ہے؟ جناب سپیکر، میں یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ جب 2008-09 میں یہ اپوائنٹمنٹس ہوئی ہیں تو اس میں گورنمنٹ کی پالیسی کو مدنظر نہیں رکھا گیا، حقائق کچھ اور ہیں اور انہوں نے مجھے جو پالیسی دی ہے، وہ 1999ء کی گورنمنٹ کی ہے تو کیا موجودہ گورنمنٹ کی اپنی پالیسی نہیں تھی؟ میرے پاس ایسے Evidences ہیں جن میں اپوائنٹمنٹس کے خلاف تیس سے چالیس کیسز ہیں، یعنی جو میرے پاس Evidences ہیں جو کہ Illegal appointments ہوئی ہیں اور اس میں میرٹ کو مدنظر نہیں رکھا گیا اور یہ کیسز کورٹ میں بھی ہیں تو اس میں انہوں نے باقاعدہ مجھے تفصیل نہیں دی ہے اور اب تو یہ لیٹ بھی ہو چکا ہے تو میں چاہتی ہوں کہ یہ کوسچن کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

Mr. Speaker: Ji Sardar Babak Sahib, honourable Minister.

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: تھینک یو جی۔ سپیکر صاحب، جہاں تک اپوائنمنٹ کے Criteria کا تعلق ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ضروری نہیں ہوتا کہ اپوائنٹمنٹس کا جو طریقہ کار ہے یا جو Criteria ہے، وہ ہر گورنمنٹ اپنا اپنا لے آئے، چونکہ یہ Criteria چل رہا ہے اور ہم اسی Criteria کو بے شک Follow بھی کر رہے ہیں اور جہاں سمجھتے ہیں کہ Plus / Minus ہونا چاہیئے تو وہ کرتے رہتے ہیں اور بی بی نے یہ بتایا کہ میرے پاس چالیس کے قریب ثبوت ہیں تو سپیکر صاحب، میں اسی بات پہ بڑی خوشی محسوس کروں گا کہ اگر ایک بھی ثبوت ہے، ایک بھی، چالیس تو بہت زیادہ ہیں، انشاء اللہ میں 'ایشور' کراتا ہوں کہ نہ صرف اسی ای ڈی او کو جو کہ Competent authority ہے، جو کہ Appointing authority ہے تو انشاء اللہ میں 'ایشور' کراتا ہوں کہ اس کے خلاف ہم ایکشن لیں گے، اگر ایک بھی ثبوت سامنے آیا۔

جناب سپیکر: تھینک یو جی، ایشورنس دی گئی۔

محترمہ ساجدہ تبسم: سر، اگر یہ ایشورنس دیتے ہیں کہ ----۔

جناب سپیکر: جی ساجدہ! کیا ہے جی؟

محترمہ ساجدہ تبسم: اگر یہ ایشورنس دیتے ہیں کہ یہ ----۔

جناب سپیکر: نہیں، ابھی ایشورنس دے دی اور Follow up بھی ہمارا سیکرٹریٹ کر رہا ہے، ہر ایشورنس کی Follow up باقاعدہ ہو رہی ہے۔

محترمہ ساجدہ تبسم: ٹھیک ہے سر۔

Mr. Speaker: Thank you, Bibi. Malik Qasim Khan Khattak Sahib, Malik Qasim Khan Khattak Sahib, not present.

Mufti Kifayatullah: On behalf of Malik Qasim Khan Khattak, janab Speaker Sahib.

جناب سپیکر: سوال نمبر وایئ کنه جی، سوال نمبر څه دے ؟

مفتی کفایت اللہ: 783 جی۔

جناب سپیکر: دیکښے سپلیمنټری ستاسو څه دے ، اوس اووایئ؟ دا عبدالاکبر خان را پسے اوس کتاب راخلی، که غلط کار کوؤ۔

مفتی کفایت اللہ: مهربانی جی۔ قاسم خان چه د کوم سوال تپوس کړے دے کنه جی، هغوی دا وئیلی دی چه تاسو 2.5 ملین روپئ لګولے دی او تاسو ما سره کنسلټیشن نه دے کړے او بیا هغوی دا وئیلی دی چه کوم ای ډی او زه نظر انداز کړے یمه، آیا تاسو د هغه خلاف کارروائی کوئ؟ نو دوئ ډیر زیات جرات سره جواب ورکړے دے چه موږ خو دا پیسے تقسیم کړے دی او نظر انداز کړے ئے چه کوم ایم پی اے دے نو دا خیر خبره ده او چه کوم ایګزیکټیو دا کار کړے دے، د هغه په باره کښے موږ هیڅ اراده نه لرو نو اوس دا د محکمے جواب دے۔ زه د محترم وزیر صاحب نه دا پښتنه کول غواړمه چه آیا پالیسی هم دغه ده، یعنی دا خبره ګناه ده چه د دے کنسلټیشن اوشی، تپوس اوکړی چه ته کوم ځائے دیوال غواړے، کوم ځائے کښے او سکول کښے چرته کنوئے غواړے؟ یعنی دا د څه ګناه خبره وه چه دوئ دومره په جرات سره د ایم پی اے حق مجروح کړے دے جی؟

جناب سپیکر: سردار بابک صاحب۔

وزیر برائے ابتدائی و ثانوی تعلیم: سپیکر صاحب، داسے هرګز نه ده، دا که تاسو اوګورئ، که په دے سوال باندے نظر اوغورزوئ نو سوال داسے دے چه دا کومے پچیس لاکھ روپئ هغه حلقے ته ملاؤ شوے دی، بیا هلته په کرک کښے

د وه حلقے دی، چونکه فرنیچر ایس آئی ډی بی په ټوله صوبه کښے سکولونو ته ورکوی نو دا ده چه بیا هغه فرنیچر کومو سکولونو ته ورکړے کیږی نو هغه د ضرورت په بنیاد باندے ورکړے کیږی او هرګز دا نه ده، زه پخپله حلقه کښے ایم پی اے یمه او زه به نشاندهی کوم چه او دے سکول ته د فرنیچر ورکړے شی۔ چونکه په ډیپارټمنټ کښے نوی سکولونه جوړیږی، سکولونه اپ ګریډ کیږی یا د بعضے سکولونو فرنیچر فرسوده کیږی نو چونکه هغه هلته پروت وی او د ضرورت په بنیاد تقسیمیږی نو مطلب دا دے، جواب صرف دا دے چه مونږه وضاحت کړے دے چه کوم ځائے کښے چه ضرورت وو، هغه سکولونو ته فرنیچر ورکړے شوے دے او هرګز دا مطلب نه دے چه خدا نخواسته د ایم پی اے صاحب چه کوم Recommendations دی یا چه کوم د هغوی خواهشات دی، هغه نظر انداز شوی دی یا هغے ته مونږ هغسے Weight نه دے ورکړے نو داسے هرګز نه ده خو بهرحال وضاحت شوے دے او هغه ضرورتمندو سکولونو ته فرنیچر ورکړے شوے دے جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: محمد زمین خان صاحب، کوئسچن نمبر 830، موجود نہیں۔ مفتی صاحب دا سوال جوړے نه دے پرهاؤ کړے۔ (قہقہہ) که هغه نه وی نو مفتی صاحب خو شته کنه۔ Again محمد زمین خان۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی</u>: سپیکر صاحب! میرا ایک ضمنی سوال ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی قلندر خان لودھی صاحب، سوال نمبر؟

<u>Haji Qalnadar Khan Lodhi</u>: Question No. 831.

<u>Mr. Speaker</u>: Any supplementary?

<u>حاجی قلندر خان لودھی</u>: جناب سپیکر! اس سوال کے جز نمبر (د) کو دیکھیں تو اس میں سبجیکٹ سپیشلسٹس، سائنس ٹیچرز اور مینجمنٹ کیڈر کو علیحدہ کیا گیا ہے، یہ گورنمنٹ کا بڑا اچھا اقدام ہے اور بابک صاحب کی ان کوششوں کو ہم سراہتے ہیں اور یہ بہت اچھی محنت کر رہے ہیں اور اس سے اچھی تبدیلی آئیگی لیکن سر، اس میں یہ ہوا ہے کہ پبلک سروس کمیشن نے جن لوگوں کو سلیکٹ کیا ہے اور ان کے اشتہار میں جو کوالیفیکیشن مانگی گئی ہے، ان میں سے سات اے ڈی اوز ایسے ہیں جو اس کو کوالیفائی نہیں کرتے اور اسی طرح سے ای ڈی اوز جو ہیں، میرے پاس جو انفارمیشن ہے تو جو 240 انہوں نے کئے ہیں، اس میں سے

100 ایسے ہیں، اشتہار میں ان کا جو Criteria ہے، وہ اس کو پورا نہیں کر رہے ہیں تو اس طرح سے بڑی بے چینی سی پیدا ہو گئی ہے اور جو لوگ Already سیٹوں پر کام کر رہے ہیں، جو سبجیکٹ سپیشلسٹس نہیں ہیں، اگر ان سے Undertaking لی جائے کہ جو لوگ اپنی مرضی سے وہاں رہنا چاہتے ہیں اور پڑھانے میں تجربہ بھی ہے تو اس سے ہمارا زیادہ کام اچھا ہو رہا ہے تو ان کو بھی Accommodate کیا جائے۔ میری یہ استدعا ہے جی۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی جناب آنریبل منسٹر صاحب۔

<u>وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم:</u> سپیکر صاحب، قلندر لودھی صاحب نے جس طرف اشارہ کیا ہے تو ڈیپارٹمنٹ کے پارٹ پہ میں نہیں سمجھتا کہ کوئی کوتاہی ہوئی ہے۔ پبلک سروس کمیشن جو کہ Appointing authority ہے اور جو آفیسرز ہمیں چاہیئے تھے، جتنی تعداد میں ہمیں چاہیئے تھے اور Plus یہ کہ کوالیفیکیشن اور Experience کی جو بات قلندر لودھی صاحب نے کی ہے تو پبلک سروس کمیشن کے Recommendees بھیجنے کے بعد بالکل یہ ڈیپارٹمنٹ کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ ان کو Scrutinize کر دے اور انہوں نے ٹھیک فرمایا ہے کہ ہم نے ان کو Scrutinize کیا ہے اور پانچ چھ لوگ ایسے ہیں جو Illegible نہیں ہیں لیکن بہر حال ہم نے ان چھ سات لوگوں کو Minus کر کے سمری بھیجی ہے چیف سیکرٹری صاحب کو اور پھر انشاء اللہ آگے سی ایم صاحب کو جائے گی۔ سپیکر صاحب، جہاں تک قلندر لودھی صاحب Proposal پیش کرتے ہیں تو سپیکر صاحب، مینجمنٹ اور ٹیچنگ کیڈر کی جو Separation ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہماری حکومت کا کریڈٹ ہے اور یہ پبلک سروس کمیشن کے بغیر نہیں ہو سکتا تھا، ہم خود اس کام کو نہیں نبھا سکتے تھے اور یہ کام ہم نے بڑی نیک نیتی سے کیا ہے ورنہ کوئی سیاسی حکومت یا کوئی سیاسی بندہ یہ نہیں چاہ رہا کہ وہ اپنے ہاتھ سے اختیار کسی اور کو دیدے لیکن ہم نے اپنے ہاتھ سے جو اختیار پبلک سروس کمیشن کو دیا ہے تو اسی نیت سے دیا ہے کہ ایجوکیشن میں مینجمنٹ کی جو کمی تھی، انشاء اللہ وہ کمی دور ہو گی، لہذا یہ کام جو ہم نے کیا ہے تو یہ بڑی نیک نیتی سے ہم نے کیا ہے اور انشاء اللہ اس کے اچھے نتائج سامنے آئیں گے، انشاء اللہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> تھینک یو۔ اسرار اللہ خان، اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب، سوال نمبر؟

<u>Mr. Israrullah khan Gandapur</u>: 832 Sir.

<u>جناب سپیکر:</u> جی۔

* 832 _<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور:</u> کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2008-09 کے اے ڈی پی میں محکمہ تعلیم نے ہر صوبائی حلقہ کیلئے 25 لاکھ روپے کے حساب سے پی ٹی سی کی مد میں رقم مختص کی تھی؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکیم رواں سال 2009-10 کے اے ڈی پی میں موجود نہیں ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ رقم کن کن اضلاع کو دی گئی ہے، نیز جن اضلاع کو رقوم نہیں ملیں، اس کی کیا وجوہات ہیں، آیا ان اضلاع کو رقوم مہیا کرنے کا کوئی میکنزم (طریقہ کار) موجود ہے؛

(ii) کیا حکومت سرحد ان افسران کے خلاف کارروائی کا ارادہ رکھتی ہے جن کی بظاہر سستی کی وجہ سے اس سکیم کے ثمرات ان محروم اضلاع کے تعلیمی اداروں تک پہنچ نہیں سکے؟

<u>جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم):</u> (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ بھی درست ہے۔

(ج) (i) مذکورہ رقم جملہ 24 اضلاع کو بذریعہ پی ٹی سی فنڈز، سالانہ ترقیاتی پروگرام 2008-09 کے تحت جاری کی گئی ہے اور جہاں تک مذکورہ رقوم کے اجراء کے طریقہ کار کا سوال ہے تو وہ کچھ یوں ہے:

- محکمہ مالیات صوبہ سرحد کی جانب سے محکمہ تعلیم کی صوابدید پر فنڈز کا اجراء کیا گیا۔
- محکمہ تعلیم نے یہ فنڈز جملہ ضلعی تعلیمی افسران کو جاری کئے تاکہ مذکورہ فنڈز متعلقہ ایم پی اے کی مشاورت سے کونسل برائے اساتذہ و والدین (PTC) کو منتقل کئے جائیں۔
- مزید برآں یہ شرط رکھی گئی کہ متعلقہ ضلعی افسران مذکورہ فنڈز کی پی ٹی سی کو منتقلی باقاعدہ انتظامی منظوری کے تحت کریں گے، نیز ضلع کے اکاؤنٹ آفیسرز سالانہ ترقیاتی پروگرام میں مختص کی گئی رقم کے مطابق یہ فنڈز پی ٹی سی کے بینک اکاؤنٹ میں جمع کرائیں گے۔

جہاں تک رقوم نہ ملنے کی وجوہات کا سوال ہے تو اس ضمن میں عرض ہے کہ محکمہ ہذا کو تاحال کسی بھی ضلعی دفتر کی جانب سے کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی ہے۔

(ii) اگر ایسے کوئی شواہد یا ثبوت دستیاب ہوں کہ کسی افسر کی نااہلی یا کوتاہی کی وجہ سے اس سکیم کے ثمرات محروم اضلاع کو نہ پہنچ سکے تو محکمہ ہذا اس کے خلاف انضباطی کارروائی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

<u>Mr. Speaker</u>: Any supplementary?

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور:</u> جی سر۔ سر، اس میں میری گزارش یہ ہے کہ یہ اچھا اقدام تھا لیکن سر میں سمجھتا ہوں کہ اس میں محکمہ تعلیم سے زیادہ محکمہ فنانس کا قصور ہے کیونکہ انہوں نے تو ہر زون کو اپنی

اپنی ایلوکیشن کی تھی، 25 لاکھ ہر کانسٹی ٹیونسی میں خرچ ہونے تھے اور انہوں نے جب یہ ریلیزز کی ہیں تو وہ مارچ میں کی ہیں اور پھر جب انہوں نے ریلیزز کا لیٹر کیا ہے، تو وہ ہو گیا ہے جولائی میں اور سر، اس کے میرے پاس ثبوت موجود ہیں کہ وہ صرف ٹانک اور نوشہرہ کو، یہ دو اضلاع میرے نوٹس میں ہیں، اس کے علاوہ یہ جتنی بھی اماؤنٹ ہے، یہ Lapse ہو گئی ہے تو میں نے یہ سوال اس وجہ سے پوائنٹ آؤٹ کیا تھا اور محکمہ تعلیم بھی اپنے جواب میں یہ کہتا ہے کہ اگر کسی نے یہ Utilize نہیں کی تو ہم ان کے خلاف کارروائی کا حق محفوظ رکھتے ہیں، یہ جز (ii) میں جواب دیتے ہیں، تو سر میری گورنمنٹ سے یہ گزارش ہے کہ ڈی آئی خان والا جو لیٹر ایشو ہوا ہے، وہ میرے پاس ہے، وہ میں مختصراً بابک صاحب کے نوٹس میں لاتا ہوں، وہ اسے کہتے ہیں کہ: "As the release of the above ADP scheme received on 11-07-2009 through fax from the Chief Planning Officer, Elementary and Secondary Education, Peshawar when the current financial year was closed. Now the undersigned is unable to draw the above mentioned amount. Therefore, you are requested to kindly revalidate amount Rs.12.5 million for the above mentioned scheme, please." جو ڈی آئی خان کا کوٹہ بنتا تھا، اس کے بعد خاموشی ہے اور یہ لیٹر انہوں نے 30-08-2009 کو لکھا ہے۔ میری بابک صاحب سے یہ گزارش ہے کہ چونکہ یہ اے ڈی پی سکیم تھی تو اس پہ ابھی اگر آپ مہربانی کر کے سی ایم صاحب کو نان اے ڈی پی کی سکیم کے طور پر ایک سمری بھجوا دیں، کیونکہ یہ اماؤنٹ تو، جب وہ Transaction ہو گئی تو سال گزر گیا، وہ یقیناً Lapse ہو گئی ہے تو اس سلسلے میں عرض ہے کہ جن اضلاع نے یہ Utilize نہیں کی، پہلے ان سے پوچھ لیں اور مزید براں یہ کہ جن کو نہیں ملا تو ان کو یہ فنڈ مل جائے۔ تھینک یو سر۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی، جناب بابک صاحب۔

<u>وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم:</u> بالکل سپیکر صاحب، زه خو تاسو ته هم دا درخواست کومه چه زمونږ په اکثرو مسئلو کښې، څنګه چه اسرار خان خبره اوکړه نو فنانس ډیپارټمنټ په دے ریلیزز کښې جی ډیر زیات دغه کوی، زه به دا اووایم چه دے نه پوهیږم چه د Hesitation نه کار اخلی او بیا داسے صورتحال مخے ته راشی چه بیا هغه وخت تیر شی او هغه فنډ زمونږ ډیپارټمنټ ته ریلیز نه شی نو زه به تاسو ته هم دا درخواست کوم جی چه که فنانس ډیپارټمنټ ته تاسو په خپل حکم باندے اووایئ چه کیس ټو کیس زمونږ دا مسئلے دغه کوی نو دا به مونږ ته ډیره

زیاته اسانه وی جی۔ سپیکر صاحب، د پی ټی سی فنډ په حواله باندے به زه دا یوه خبره اوکړم چه مونږ. ځومره ایم پی ایز یو، زمونږ ځومره مشران چه دلته دی، که مونږ په هغے کښے ذاتی دلچسپی واخلو نو نه صرف د پی ټی سی د فنډ Utilization به ډیر شفاف شی بلکه هغه به In time هم شی او بله دا چه زمونږ په سکولونو کښے کومے مسئلے دی نو بعضے بعضے Petty مسئلے داسے وی چه هغه د پی ټی سی فنډ سره مونږه ډیر زیات په ښه انداز حل کولے شو نو زه تاسو ته هم دا خواست کوم، که تاسو هغه افسرانو ته اوو وایئ نو مونږ ته به ډیره اسانه شی۔

جناب سپیکر: یہ فنانس ڈیپارٹمنٹ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ سکولوں کو ان چیزوں سے مبرا رکھیں، یہ چھوٹی چھوٹی ضرورتیں ہوتی ہیں اور یہ ہمارے Nation building ادارے ہیں، ان کو بلا چوں و چراں فوری یہ ریلیز کئے جائیں۔ د دے Follow up اوکړئ چه کم از کم دا پی ټی سی فنډ ایسار نه شی۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Malik Qasim Khan Khattak Sahib, Malik Qasim Khan Khattak Sahib. Not present. Noor Sahar Bibi. Not present. Again, Qasim Khan Khattak Sahib.

جناب نصیر محمد میداد خیل: سر! په دے 852 کښے زما سپلیمنټری سوال دے جی۔

جناب سپیکر: 852، اودریږه جی، دا 851 دے لا، موجود نہیں۔ ملک قاسم خان خٹک، موجود نہیں۔ جی نصیر محمد خان، د ملک قاسم خان خټک صاحب سوال دے، تاسو۔۔۔۔۔

Mr. Naseer Muhammad Maidadkhel: 852.
Mr. Speaker: Any supplementary?

جناب نصیر محمد میداد خیل: جی هاں۔ سر، په دیکښے دوئ په دے جز (الف) کښے ورکړی دی چه "آیا یہ درست ہے کہ ٹیکسٹ بک بورڈ کے ملازمین کے خلاف نیب اور انٹی کرپشن کے کیسز موجود ہیں" نو په جواب کښے وائی چه "جی نہیں" تو کیا منسٹر صاحب اس کو Verify کرتے ہیں کہ یہاں ان کے خلاف کوئی کیس درج نہیں کیا گیا؟

جناب سپیکر: هغوی خو وئیلی دی چه نشنه کنه؟ جی آنریبل منسٹر صاحب۔
وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: سپیکر صاحب، داسے ده چه دوئ دا سوال کړے دے چه آیا د ټیکسټ بک بورډ چه کوم ملازمین دی، د هغوی خلاف د نیب یا د انټی کرپشن څه کیس موجود دے؟ مونږ وایو چه کیس نشته خو دا ده چه یواځے د ټیکسټ بک بورډ خبره نه ده جی، سپیکر صاحب، که د چا خلاف هم د کرپشن څه خبره وی یا د بدعنوانئ خلاف څه خبره وی، بالکل ما خو په دے فورم باندے دا خبره کړے ده چه مونږه په خپل ډیپارټمنټ کښے د هیچا نه وکالت کوؤ او نه د هغوی دلالت کوؤ، بے شکه که د چا خلاف څه خبره وی، انټی کرپشن ته هغه تلی وی، نیب ته تلی وی د هغوی خلاف کیسونه نو هغه خلق به بذات خود د هغے څیز جوابده وی چه څوک خدائے مه کړه په بدعنوانو کښے یا په هغه کرپشن کښے ملوث وی نو لهذا مونږ خو، تاسو سوال کړے دے چه آیا کیسونه شته نو مونږ وئیلی دی چه کیس نشته، بهرحال که بیا داسے څه خبره وی چه د هغوی په نوټس کښے وی نو زمونږ په نوټس کښے د راولی انشاء الله چه مونږ نه څنګه کیدے شی هغسے به کوؤ۔

Mr. Speaker: Thank you. Noor Sahar Bibi, not present. Mr. Javed Abbasi Sahib, not present. Again Javed Abbasi Sahib, not present. Again Javed Abbasi Sahib, not present. Adnan Wazir, Question number?

Mr. Adnan Khan: 761.

جناب سپیکر: جی۔

* 761 _جناب عدنان خان: کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2003ء سے پہلے مڈل سکولوں میں فزیکل ایجوکیشن ٹیچرز خدمات سرانجام دے رہے تھے؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ سال 2003ء میں مڈل سکولوں سے پی ای ٹی اور ٹی ٹی (تھیالوجی ٹیچر) کی پوسٹ کو ختم کر دیا گیا ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مئی 2003ء میں مڈل سکولوں میں ٹی ٹی (تھیالوجی ٹیچر) کی پوسٹ کو بحال کیا گیا ہے اور پی ای ٹی کی پوسٹ کو ابھی تک بحال نہیں کیا گیا؛

(د) آیا یہ بھی درست ہے کہ اپریل 2004ء میں ضلع شانگلہ کیلئے اور مارچ 2006 میں ڈی آئی خان کیلئے فزیکل ایجوکیشن ٹیچرز بحال کردیئے گئے ہیں جبکہ بقایا 22 اضلاع ان پوسٹوں سے محروم چلے آرہے ہیں؛

(ھ) اگر (الف) تا (د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت ان 22 اضلاع میں پی ای ٹی ٹیچرز کی آسامیاں بحال کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

<u>جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم)</u>: (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) جی ہاں، درست ہے۔

(ج) جی ہاں، درست ہے۔

(د) جی ہاں، درست ہے۔

(ھ) اس ضمن میں وضاحت کی جاتی ہے کہ مڈل سکولوں میں پی ای ٹی کی افادیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا کیونکہ طلباء کی ذہنی نشو نما کے ساتھ ساتھ ان کی جسمانی نشو نما بھی ضروری ہے، لہذا محکمہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن میں باقیماندہ 22 اضلاع میں بھی پی ای ٹی ٹیچرز کی آسامیوں کی بحالی کا کیس Under process ہے اور جونہی قانونی تقاضے پورے ہونگے تو جلد ہی ان آسامیوں کی بحالی کا مراسلہ جاری کیا جائے گا۔

<u>Mr. Speaker</u>: Any supplementary?

<u>جناب عدنان خان</u>: نه جی، بس مطمئن یمه ځکه چه په دیکښے دوئ دا راوستے دی چه Under process دے۔

<u>Mr. Speaker</u>: Thank you, 'Question`s Hour' is over.

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

765 _ <u>محترمہ نرگس ثمین</u>: کیا وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت کے سالانہ ترقیاتی پروگرام 09-2008 کے سیریل نمبر 17 کے حوالے سے Lady Teachers Mobility Program کے تحت صوبہ میں دو منتخب ضلعوں کی منظوری دی ہے؛

(ب): آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ پروگرام کیلئے ایک کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ پراجیکٹ کن کن ضلعوں میں ہیں؛

(ii) تاحال اس پر کتنی رقم خرچ کی گئی ہے اور منصوبے کی تکمیل کب تک ہوگی، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) جی ہاں، درست ہے۔ ضلع بونیر میں -/62,50000 روپے اور ضلع لکی مروت میں مذکورہ پروگرام کیلئے -/93,56000 روپے ریلیز ہو چکے ہیں۔

(ج) (i) مذکورہ پراجیکٹ ضلع بونیر اور لکی مروت میں ہے۔

(ii) ضلع بونیر میں 31-05-2010 تک اس پروگرام پر -/36,77,830 روپے خرچ ہوئے ہیں جبکہ ضلع لکی مروت میں 15-06-2010 تک اس پروگرام پر -/93,56000 روپے خرچ ہوئے ہیں اور منصوبے کی تکمیل 30-06-2010 تک تھی۔

774 _ جناب محمد زمین خان: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع دیر میں کڈھ کے مقام پر گورنمنٹ ہائی سکول کو 14 سال پہلے اپ گریڈ کیا گیا تھا؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکول کی تاحال مڈل سکول کڈھ کی بلڈنگ میں طلباء کو پڑھایا جارہا ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ انتہائی گرمی وسخت سردی اور بارش کے موسم میں طلباء باہر آسمان کے نیچے سبق پڑھتے ہیں؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت مذکورہ سکول کے طلباء کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے سکول کی بلڈنگ کب تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) اس ضمن میں وضاحت کی جاتی ہے کہ مذکورہ سکول 1979 میں غیر ترقیاتی بنیاد پر اپ گریڈ کیا گیا تھا۔

(ب) جی ہاں، یہ بھی درست ہے۔

(ج) مذکورہ سکول کی عمارت کی تفصیل درج ذیل ہے:

قابل استعمال کمروں کی تعداد	1
بوسیدہ کمروں کی تعداد	7

مزید کمروں کی ضرورت 10

چونکہ مذکورہ سکول غیر ترقیاتی بنیاد پراپ گریڈ کیا گیا تھا، لہذا سکول میں مزید تعمیر نہیں ہوئی ہے، اسلئے طلباء کیلئے مناسب سہولت موجود نہیں ہے۔

(د) حکومت ترجیحی بنیادوں پر مذکورہ سکول کی بلڈنگ تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

783 _ ملک قاسم خان خٹک: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے سال 09-2008 میں بنیادی سہولیات کی غرض سے ہر ایم پی اے کیلئے اپنے حلقے کے پرائمری، مڈل اور ہائی سکولوں کیلئے 2.5 ملین روپے مختص کئے ہیں۔

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ میرے حلقہ پی ایف 41 کرک میں مذکورہ رقم ایگزیکٹیو ڈسٹرکٹ آفیسر (ایجوکیشن) نے میری سفارشات کو نظر انداز کر کے اپنی صوابدید پر اپنے منظور نظر اشخاص کے ذریعے خرچ کی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت ایگزیکٹیو ڈسٹرکٹ آفیسر (ایجوکیشن) کے خلاف کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) اس ضمن میں EDO (E&SE) کرک کی ارسال کردہ رپورٹ کے مطابق تفصیل درج ہے:

محکمہ خزانہ خیبر پختونخوا پشاور نے مراسلہ نمبر SO(Dev-I)FD/1-284/2008-9/E&SE/ Southern District مورخہ 23-04-2009 کے تحت مذکورہ رقم کو Capital سے Revenue میں Reappropriate کیا۔ مذکورہ رقم ضرورت کی بنیاد پر ضلع کرک کے سکولوں کیلئے فرنیچر کی خریداری پر خرچ کی گئی اور ضلع کرک کے دونوں صوبائی حلقوں پی ایف 40 اور پی ایف 41 کے سکولوں کو منصفانہ طور پر فرنیچر کی سپلائی کی گئی۔ پی ایف 40 اور پی ایف 41 کے سکولوں کو فراہم شدہ فرنیچر کی تفصیل فراہم کی گئی۔

(ج) جز (ب) کے جواب کی روشنی میں حکومت ایگزیکٹیو ڈسٹرکٹ آفیسر (ابتدائی وثانوی تعلیم) کرک کے خلاف کارروائی کرنے کا ارادہ نہیں رکھتی۔

830 _ جناب محمد زمین خان: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نادار طلباء کو علم کے زیور سے آراستہ کرنے کیلئے خطیر رقم خرچ کر رہی ہے؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ حکومت اس سلسلے میں ہر سال نادار طلباء کو وظائف بھی دیتی ہے؛

(ج) آیا یہ درست ہے کہ نادار طلباء پر مشتمل بک فاؤنڈیشن اور دیگر کتابیں چھپوانے والے اداروں سے رعایتی نرخوں پر کتابیں خرید کر فراہم کی جاتی ہیں؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 09-2008 میں کتنے طلباء کو وظائف اور رعایتی نرخوں پر کتابیں مہیا کی گئی ہیں، ہر ضلع کی الگ الگ مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی و ثانوی تعلیم):</u> (الف) جی ہاں، صوبائی حکومت دوسری سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ گورنمنٹ سکولوں میں پڑھنے والے کے جی سے لیکر بارہویں جماعت کے تمام طلباء و طالبات کو مفت کتابیں فراہم کرتی ہے اور چھٹی جماعت سے لیکر دسویں جماعت تک تمام طالبات کو دو سو روپے ماہانہ وظیفہ دیتی ہے، اس میں نادار اور غیر نادار طلباء و طالبات کی تخصیص نہیں ہے۔

(ب) جی نہیں، حکومت صرف گورنمنٹ سکولوں میں چھٹی سے لیکر دسویں جماعت تک کے طالبات کو دو سو روپے ماہانہ وظیفہ فراہم کرتی ہے، اس میں نادار اور غیر نادار طالبات کی تخصیص نہیں ہے۔

(ج) جی نہیں، حکومت خیبر پختونخوا ٹیکسٹ بک بورڈ سے رعایتی نرخوں پر کتابیں خرید کر گورنمنٹ سکولوں میں پڑھنے والے کے جی سے لیکر بارہویں جماعت تک کے تمام طلباء و طالبات کو مفت فراہم کرتی ہے۔

(د) حکومت طلباء کو نہیں بلکہ طالبات کو وظائف فراہم کرتی ہے۔ سال 09-2008 کے دوران چھٹی کلاس سے لیکر دسویں تک کی 2,57,413 طالبات کو وظائف دیئے گئے جن کی ضلع وار تفصیل فراہم کی گئی۔ اسی طرح 43,42,838 طلباء و طالبات کو مفت کتابیں فراہم کی گئیں جن کی ضلع وار تفصیل بھی فراہم کی گئی۔

831 _ <u>جناب محمد زمین خان:</u> کیا وزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ تعلیم قوم کے بچوں کا مستقبل سنوارنے کیلئے ایمانداری، دیانتداری اور مستعدی کے ساتھ بروقت کام نہیں کر رہا ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ تعلیم کے افسران بالا محکمہ میں بے قاعدگیاں روکنے کیلئے وقتاً فوقتاً مختلف قسم کی ہدایات/احکامات جاری کرتے ہیں؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ حکومت غفلت، کاہلی، نااہلی اور بروقت مکمل معلومات افسران بالا کو فراہم نہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی میں بھی ناکام رہی ہے؛

(د) آیا یہ بھی درست ہے کہ حکومت نے حال ہی میں سبجیکٹ سپیشلسٹ، سائنس ٹیچرز اور غیر متعلقہ افسران کو انتظامی عہدوں سے الگ کرنے کا نوٹیفیکیشن جاری کر کے تمام ای ڈی اوز کو مذکورہ نوٹیفیکیشن پر عملدرآمد کرنے کیلئے ڈیڈ لائن دی ہے؛

(ھ) اگر (الف) تا (د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو محکمہ نے مذکورہ پالیسی/احکامات پر کس حد تک عملدرآمد کیا ہے اور عملدرآمد نہ کرنے والے افسران کے خلاف کیا تادیبی کارروائی کی گئی ہے، نیز مذکورہ پالیسی کے تحت ہونے والے تبادلوں اور تبدیل ہونے والے افسران کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم):</u> (الف) جی نہیں۔

(ب) جی ہاں، درست ہے۔

(ج) جی نہیں۔

(د) جی ہاں، درست ہے، اس سلسلے میں متعلقہ اساتذہ کرام پشاور ہائی کورٹ چلے گئے تھے لیکن ہائی کورٹ نے حکومت کے حق میں فیصلہ دے دیا۔

(ھ) اس ضمن میں وضاحت کی جاتی ہے کہ محکمہ ہذا اپنے متعارف کردہ پالیسی/احکامات پر کافی حد تک عملدرآمد کرا چکا ہے اور ماہر مضمون اساتذہ، سائنس اساتذہ اور غیر متعلقہ افسران کو انتظامی عہدوں سے الگ کر کے اپنے متعلقہ سکولوں کو پڑھانے کے واسطے بھجوا چکا ہے، سوائے مندرجہ ذیل اساتذہ/افسران کے جنہوں نے تاحال اپنی تبدیل شدہ یعنی اصلی پوسٹوں پر چارج نہیں لیا ہے اور بدستور منسٹر صاحبان/قائد حزب اختلاف کے دفاتر میں ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں۔

1۔ فرید اللہ (ایس ایس)	پی ایس ٹو منسٹر لیبر
2۔ بخت افسر (ایس ایس)	پی ایس ٹو منسٹر سوشل ویلفیئر
3۔ مشتاق منڈان (ڈی پی ای)	پی ایس ٹو منسٹر اوقاف
4۔ محمد طاہر (ایس ایس)	پی ایس ٹو جناب اکرم خان درانی (لیڈر آف دی اپوزیشن)

تبدیل ہونے والے افسران کی تفصیل فراہم کی گئی۔

833 _ ملک قاسم خان خٹک: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مراسلہ نمبر 123/F-G-Pay 115/PET/iii-AE مورخہ 14-01-2009 ڈائریکٹر ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن پشاور، مراسلہ نمبر SO-I/CMS/NWFP/3-1/2009 مورخہ 15-06-2009 وزیر اعلیٰ صاحب سے سیکرٹری ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن پشاور اور درخواست بوساطت وزیر ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن مورخہ 4 جولائی 2009 اور محکمانہ اپیل نمبر KK 1157-EDO مورخہ 03-09-2009 بوساطت ای ڈی او کرک پر سیکرٹری ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن نے پیشرفت کی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ ان مراسلوں کی روشنی میں متاثرہ شدہ اساتذہ کرام کی اپ گریڈیشن کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تاکہ ان اساتذہ کے ساتھ کی گئی ناانصافی کا ازالہ ہو سکے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں، اس ضمن میں محکمہ خزانہ کی ہدایات کی روشنی میں جناب وزیر اعلیٰ صوبہ خیبر پختونخوا کی منظوری کیلئے نظر ثانی شدہ خلاصہ محکمہ خزانہ کی وساطت سے ارسال کیا جا چکا ہے، خلاصہ منظور ہونے کی صورت میں ضروری کارروائی کی جائے گی۔

835 _ محترمہ نور سحر: کیا وزیر ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ شہری و دیہی علاقوں میں طلباء و طالبات کی Enrolment کی جاتی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ نااہل اساتذہ کے خلاف کارروائی کی جاتی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جواب اثبات میں ہوں تو:

(i) گزشتہ تین سالوں کے بورڈ امتحانات کا نتیجہ کتنے فیصد اور مارکس گریڈ وائز کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) تین سالوں کے دوران جن نااہل اساتذہ کے خلاف جو کارروائی کی گئی ہے، اس کی بھی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ج) (i) صوبہ بھر کے تمام بورڈ کے گزشتہ تین سالوں 2007، 2008 اور 2009 کا نتیجہ، فیصد اور مارکس گریڈ وائز کی تفصیل فراہم کی گئی۔

(ii) گزشتہ تین سالوں کے دوران متعلقہ بورڈز نے جن نااہل اساتذہ کے خلاف کارروائی کی ہے، اس کی تفصیل ایوان میں فراہم کی گئی۔

851 _ ملک قاسم خان خٹک: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ٹیکسٹ بک بورڈ قانون کے مطابق کاغذ خریدتا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ٹیکسٹ بک بورڈ نے 09-2008 کے دوران کتنا کاغذ کس سے اور کہاں سے خریدا اور اس وقت کتنا کاغذ موجود ہے، سٹور کا کرایہ کتنا ہے اور قانون کے مطابق کتنا کاغذ کتنے عرصے کیلئے خریدا جاسکتا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، سرحد ٹیکسٹ بک بورڈ قانون کے مطابق کاغذ خریدتا ہے جس کی باقاعدہ منظوری جناب گورنر صاحب نے 03 مئی 2005ء کی ایک سمری میں دی تھی، جس میں ایک بااختیار کمیٹی برائے کاغذ خریداری کی بھی منظوری دی گئی ہے۔ سمری کی کاپی ایوان میں پیش کی گئی۔

(ب) ٹیکسٹ بک بورڈ نے مالی سال 09-2008 (تعلیمی سال 10-2009) کیلئے قواعد کے مطابق کل 10,000 میٹرک ٹن کاغذ خریدا جس کی تفصیل درجہ ذیل ہیں:

(1)	(i)	پریمیئر پیپر ملز، لاہور	5,000 میٹرک ٹن
	(ii)	منڈیالی پیپر ملز، لاہور	5,000 میٹرک ٹن
		کل کاغذ	10,000 میٹرک ٹن

(2) مالی سال 09-2008 (تعلیمی سال 10-2009) کے آخر میں گودام میں کل 2,300 میٹرک ٹن کاغذ بقایا تھا۔

(3) کاغذ کیلئے دو گودام کرایہ پر لیے گئے تھے جن کا کرایہ بالترتیب -/1,56000 روپے اور -/45000 روپے ماہانہ تھا۔

(4) کاغذ عموماً 8 سے 10 میٹرک ٹن ایک تعلیمی سال کیلئے خریدا جاتا ہے۔

852 _ ملک قاسم خان خٹک: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ٹیکسٹ بک بورڈ کے ملازمین کے خلاف نیب اور انٹی کرپشن کے کیسز موجود ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ٹیکسٹ بک بورڈ کے ملازمین اور افسران کے خلاف گزشتہ پانچ سالوں کے دوران دائر کئے گئے کیسوں کی تعداد، کتنے کیسوں پر فیصلے ہوئے ہیں، نیز زیر سماعت کیسز کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی نہیں۔

(ب) یہ وضاحت کی جاتی ہے کہ گزشتہ پانچ سالوں کے دوران بورڈ کے کسی ملازم /افسر کے خلاف کوئی بھی کیس نیب یا انٹی کرپشن کے ساتھ رجسٹرڈ/درج نہیں ہوا۔

874 _ محترمہ نور سحر: کیا وزیر ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن نے نصاب میں تبدیلی کی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) سال 09-2008 کے دوران نصاب میں تبدیلی کیلئے جن ماہرین تعلیم کی خدمات حاصل کی گئی ہیں، ان کے نام، گریڈ اور تاریخ تعیناتی کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) سال 09-2008 کے دوران سکولوں کے پرنسپل صاحبان اور دوسرے ماہرین کی مشاورت /. تجاویز اور ان پر عملدرآمد سے متعلق پیشرفت کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) محکمہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن نے نصاب میں کوئی تبدیلی نہیں کی۔ نصاب میں تبدیلی صوبائی حکومت کے دائرہ اختیار میں نہیں ہے، نصاب میں تبدیلی مرکزی حکومت وزارت تعلیم Cuuriculum Wing اسلام آباد کے اختیار میں ہے اور مرکزی حکومت نے 2006 کے بعد نصاب میں کوئی تبدیلی نہیں کی۔

(ب) (i) چونکہ جز (الف) کا جواب اثبات میں نہیں ہے، اسلئے اس ضمن میں کوئی تفصیل موجود نہیں ہے۔

(ii) چونکہ جز (الف) کا جواب اثبات میں نہیں ہے، اسلئے اس ضمن میں کوئی تفصیل موجود نہیں ہے۔

945 _ جناب محمد جاوید عباسی: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے گزشتہ دو سالوں کے دوران تمام اضلاع میں سکولوں کیلئے فرنیچر فراہم کیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) صوبے کے کن کن سکولوں کو کتنی مالیت کا فرنیچر فراہم کیا گیا ہے اور یہ فرنیچر کہاں سے اور کس کے حکم پر خریدا گیا؛

(ii) ضلع ایبٹ آباد کے جن سکولوں کو فرنیچر فراہم کیا گیا ہے، سکول وائز تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔ تمام اضلاع میں سکولوں کیلئے فرنیچر کی فراہمی کی تفصیل مہیا کی گئی۔

(ب) (i) صوبے کے جن سکولوں کو جتنی مالیت کا فرنیچر فراہم کیا گیا ہے، اس کی تفصیل سوال کے (الف) جز کے جواب میں پہلے ہی دی گئی ہے۔ یہ فرنیچر گورنمنٹ کی مروجہ پالیسی کے تحت پاک جرمن ووڈن فیکٹری سے ڈی سی او کی سربراہی میں قائم کردہ ڈسٹرکٹ پرچیز کمیٹی نے خریدا ہے۔

(ii) ضلع ایبٹ آباد کے جن سکولوں کو فرنیچر فراہم کیا گیا ہے، اس کی تفصیل ایوان میں پیش کی گئی۔

946 _ جناب محمد جاوید عباسی: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت تعلیم کی مد میں خطیر رقم خرچ کر رہی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) حکومت ہر سال تعلیم کی مد میں کتنی رقم خرچ کرتی ہے، ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے، نیز گزشتہ دو سالوں میں میٹرک کے سالانہ نتائج کی پوزیشن کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؛

(ii) صوبہ بھر کے تمام سکولوں میں ایک طالب علم پر حکومت کا ایک سال کے دوران اوسطاً کتنا خرچہ آتا ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں۔

(ب) (i) حکومت ہر سال تعلیم کی مد میں تقریباً 33274.68 ملین روپے خرچ کرتی ہے، ضلع وائز تفصیل اور گزشتہ دو سالوں میں میٹرک کے سالانہ نتائج کی پوزیشن بلحاظ بورڈ فراہم کی گئی۔

(ii) صوبہ بھر کے تمام سکولوں میں ایک طالب علم پر حکومت کا ایک سال کے دوران اوسطاً 9243 روپے خرچہ آتا ہے۔

کل خرچہ برائے سال2009-10 33274.68ملین

طلباء کی تعداد 3.6ملین

فی طالب علم اوسطاً سالانہ خرچ 9243روپیہ

983 _جناب محمد جاوید عباسی: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ تعلیم نے2008-09اور2009-10کے دوران صوبے میں اساتذہ بھرتی کئے ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع ایبٹ آباد میں کلریکل سٹاف بھی بھرتی کیا گیا ہے؛

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) صوبے میں گزشتہ دو سالوں کے دوران کتنے اساتذہ بھرتی کے گئے ہیں، ضلع وائز تفصیل بمعہ پالیسی جس کے تحت بھرتی کی گئی ہے، فراہم کی جائے؛

(ii) ضلع ایبٹ آباد میں کتنا کلریکل سٹاف بھرتی کیا گیا ہے اور کن کن آسامیوں پر بھرتی کیا گیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) جی ہاں، درست ہے۔

(ج) (i) ضلع وائز اساتذہ کی بھرتی کی تفصیل ایوان میں پیش کی گئی، نیز پالیسی بھی ایوان میں پیش کی گئی۔

(ii) ضلع ایبٹ آباد میں کل آٹھ کلریکل سٹاف بھرتی کیا گیا ہے اور انہیں جونیئر کلرک کی پوسٹوں پر بھرتی کیا گیا ہے۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: ان معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں: حافظ اختر علی صاحب، ملک قاسم خان خٹک صاحب، سردار اورنگزیب نلوٹھا، سمیع اللہ علیزئی، ڈاکٹر ذاکر اللہ صاحب اور جاوید عباسی صاحب نے14-01-2011 جبکہ وجیہہ الزمان خان نے14-01-2011تا اختتام اجلاس رخصت طلب کی ہے تو: Is the House prepared to grant them leave?

Members: Yes.

Mr. Speaker: The leave is granted.

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر!

ڈاکٹر اقبال دین: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی، مفتی کفایت اللہ صاحب، فرسٹ۔

ڈاکٹر اقبال دین: سپیکر صاحب! زہ۔۔۔۔۔

